سوال

(63) عورت کے مرجانے کے بعد حق مہر کس کو دیا جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کے مرجانے پر خاوند مہر کس کو ادا کرے؟ یعنی: اس مہر کی ادائیگی کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کا مہر اس کی ملکیت ہے۔ جب تک شوہر ادا نہ کردے یا عورت برضا ورغبت معاف نہ کردے شوہر بری نہیں ہوسکتا پس اگر شوہر نے دین مہر عورت کی زندگی میں اس کے حوالہ نہیں کیا یہاں تک کہ وہ مرگئی۔ یہ مہر عورت کا ترکہ ہوگا اور جس طرح اس کا اور ترکہ بعد تقدیم ماتقدم علی الارث ورفع موانعہ اس کے وارثین (شوہر وغیرہ) پر تقسیم ہوگا اسی طرح اس کے جمع ورثہ پر تقسیم کردا جائے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب النکاح

صفحہ نمبر 184

محدث فتویٰ